# تھوک (لعاب دھن) جمع کرنے کی ہدایات۔

براہ کرم اپنی قانونی معلومات کے ساتھ درخواست مکمل کریں۔
ہم اس وقت ترجیحی نام قبول نہیں کر سکتے۔
نوٹ: قانونی پہلا نام اور آخری نام ، نیز درخواست پر تاریخ پیدائش نمونے کے لیبل سے مماثل ہونے چاہیے۔
**ہدایات پر عمل کیا جانا چاہیے ورنہ نمونوں پر کارروائی نہیں کی جا سکتی۔**

1 اپنا نمونہ مکمل کرنے سے 30 منٹ پہلے تک نہ کچھ کھائیں ، نہ پیئیں ، نہ گم چبائیں ، سگریٹ نوشی یا نشہ نوشی نہ کریں ۔
-اپنی قانونی معلومات کے ساتھ لیبارٹری کی درخواست مکمل کریں۔

2 بیگ سے پیکیج نکالیں اور کاغذ کو ہٹا کر اسے کھولیں۔
اندر آپ کو دو ٹکڑے نظر آئیں گے - ایک ڈھکن جس میں نیلے رنگ کا مائع ہے اور ایک ڈبی جس کے اوپر ایک قیف لگی ہے

3 تھوک (لعاب دھن) نگلے بغیر اپنے منہ میں رکھیں پھر آہستہ سے تھوک(لعاب دھن) قیف لگی ڈبی میں تھوکیں-

4 کالی لکیر جو کہتی ہے 'یہاں تک تھوکیں 'تک پہنچنے کے لیے آپ کو ڈبی میں کافی تھوک(لعاب دھن) بھرنے کی ضرورت ہے ۔ تھوک(لعاب دھن) میں کوئی بھی بلبلہ کل مقدار میں شمار نہیں ہوتا ہے۔ براہ کرم اس بات کو یقینی بنائیں کہ تھوک(لعاب دھن) سیاہ لکیر تک پہنچ جائے اور بلبلے لائن سے اوپر رہیں۔ اس میں کچھ منٹ لگ سکتے ہیں ، لہذا صرف اسی کام کو کرتی / کرتے رہیں۔

5 ایک بار جب آپ کافی تھوک(لعاب دھن) جمع کرلیں تو قیف کو مروڑ کر ہٹا کرکچرے میں پھینک دیں۔

6 ڈبی کے اوپر نیلے مائع والا ڈھکن رکھیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ڈبی مناسب طریقے سے رکھی ہے اور اس وقت تک گھمائیں جب تک کہ آپ "کلک" کی آواز نہ سنیں اور نیلے رنگ کا مائع ڈبی میں گھل جائے۔ والدین یا بالغ اس مرحلے میں آپ کی مدد کریں۔

7 ہر چیز کو ملانے کے لیے ڈبی کو 3-5 بار آہستہ سے ہلائیں۔

8 اپنے قانونی پہلے نام اور آخری نام کے ساتھ تاریخ پیدائش سمیت لیبل مکمل کریں اور اسے تھوک (لعاب دھن) کے نمونے کی ڈبی پر لمبائی کی طرف چپکائیں۔

9 اپنے لیبل والے تھوک (لعاب دھن) کے نمونے کو اس بیگ میں رکھیں جس میں یہ آیا تھا۔ براہ کرم تھوک(لعاب دھن) کے نمونے کو جمع کرنے کے 24 گھنٹوں کے اندر مناسب مقام پر دے دیں۔ اسے کمرے کے درجہ حرارت پر محفوظ کیا جا سکتا ہے ، اسے فریج میں رکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

---

چھوٹے بچوں کے لیے مزید معلومات اور تفریحی تجاویز کے لیے ہماری تھوک (لعاب دھن) کی ویڈیو دیکھنے کے لیے QR کوڈ کو اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:**https://youtu.be/Ru-vFZdImes**

اسکین کیسے کریں: اپنے فون پر کیمرہ کھولیں ، کوڈ پر مرکوز کریں ، ظاہر ہونے والے بینر کو دبائیں۔

SickKids®